ون ڈے میچ: پاکستان شاہینز نے پاپوانیو گنی کو224 رنز سے ہرادیا۔اذان اویس اور عرفات منہاس کی نصف سنچریاں، فیصل اکرم کی پانچ وکٹیں

ڈارون (آسٹریلیا)8 اگست، 2023:

پاکستان شاہینز نے دورۂ آسٹریلیا میں اپنے پہلے ون ڈے میچ میں پاپوانیو گنی کو224 رنز سے شکست دے دی۔

پاکستان شاہینز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 8 وکٹوں پر 323 رنز بنائے جس میں اذان اویس اور عرفات منہاس کی نصف سنچریاں قابل ذکر تھیں۔

جواب میں پاپوانیو گنی کی ٹیم 22 اوورز میں صرف 99 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔فیصل اکرم نے عمدہ بولنگ کرتے ہوئے پانچ وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستان شاہینز کے اوپنرز اذان اویس اور شامل حسین نے اپنی ٹیم کو86 رنز کا پُراعتماد اسٹارٹ دیا۔شامل حسین سات چوکوں کی مدد سے 45 رنز اتنی ہی گیندوں پر بناکر آؤٹ ہوگئے۔

اذان اویس نے عمدہ بیٹنگ کرتے ہوئے 94 گیندوں پر 72 رنز کی اننگز کھیلی جس میں چھ چوکے شامل تھے۔

انہوں نے وہاج ریاض کے ساتھ تیسری وکٹ کی شراکت میں 57 رنز کا اضافہ کیا۔ وہاج ریاض نے دو چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 36 رنز اسکور کیے۔

عرفان خان نے چار چوکوں کی مدد سے 41 رنز کی اننگز کھیلی جس کے بعد عرفات منہاس اور احمد خان کے درمیان 74 رنز کی ساتویں وکٹ کی شراکت نے پاکستان شاہینز کی پوزیشن مزید مستحکم کر دی۔

عرفات منہاس نے 34 گیندوں پر سات چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 56 رنز بنائے جبکہ احمد خان 31 رنز بنانے میں کامیاب رہے۔

پاپوانیوگنی کی طرف سے چارلس امینی نے تین وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستانی بولرز نے پاپوانیوگنی کے کسی بھی بیٹر کو قدم جمانے کا موقع نہیں دیا اور 22 اوورز میں صرف 99 رنز پر اس کی بساط لپیٹ دی۔

پاپوانیوگنی کی طرف سے اسد اللہ والا 23 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے۔

پاکستان شاہینز کی طرف سے فیصل اکرم نے عمدہ بولنگ کرتے ہوئے صرف سترہ رنز دے کر پانچ وکٹیں حاصل کیں۔ احمد خان نے تین اور عامر حسن نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

اس سے قبل پاکستان شاہینز نے آسٹریلوی دورے میں چھ ٹیموں کے ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کا فائنل کھیلا تھا۔ وہ بدھ کے روز اس دورے کا دوسرا اور آخری ون ڈے میچ ناردن ٹیریٹری اسٹرائیک کے خلاف کھیلے گی۔

مختصر اسکور۔

پاکستان شاہینز۔323 رنز8 کھلاڑی آؤٹ(50 اوورز)اذان اویس 72۔عرفات منہاس56۔شامل حسین45۔محمد عرفان خان41۔چارلس امینی 61/3وکٹ۔

پاپوانیوگنی۔99رنز(22اوورز)۔اسداللہ والا23۔فیصل اکرم 17/5وکٹ۔احمد خان40/3وکٹ۔عامر حسن 24/2وکٹ۔

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficia